کیکٹس

دنیا بھر میں نباتات کی لاتعداد اقسام پائی جاتی ہیں جو خوش رنگ، خوش بُو دار اور بعض عجیب الخلقت یا بدصورت بھی ہیں۔ تاہم یہ سب اس کارخانۂ قدرت میں انسان کے لیے کسی نہ کسی طرح مفید اور کارآمد ہیں۔ پھول اور پودے ہمیشہ سے انسان کو فرحت و تازگی بخشنے کے ساتھ محبت کا اظہار کرنے اور تکالیف و امراض سے انھیں نجات دینے میں بھی مددگار ہیں۔ یہی نہیں بلکہ انھیں عبادت اور عقیدت کے اظہار کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

کیکٹس کا پودا دنیا بھر میں مشہور ہے۔ یہ صحراؤں، خشک پہاڑوں اور بنجر زمین پر پائے جاتے ہیں۔ برصغیر میں کیکٹس کی متعدد اقسام میں ناگ پھنی زیادہ معروف ہے۔ تھوہڑ اور چھتر تھور بھی ہمارے یہاں اس پودے کی مخصوص قسم کے لیے بولا جاتا ہے۔ یہ بات شاید آپ کے لیے نئی ہو کہ ناگ پھنی سے کچھ قبائل روحانی لگاو رکھتے ہیں اور اسے مقدس مانتے ہیں۔ میکسیکو اور شمالی امریکا کے کچھ قبائلیوں کے نزدیک یہ مقدس پودا ہے جو خدا سے رابطے میں مدد دیتا ہے۔ یہ قبائلی کیکٹس کی مخصوص قسم سے دعائیہ رسمیں ادا کرتے ہیں اور یہ ان کی تمام دعائیہ تقریبات کا اہم حصّہ ہوتا ہے۔

کیکٹس کے پودے پانی کی بہت کم مقدار کے ساتھ بھی پھلتے پھولتے رہتے ہیں۔ اس پودے کی ہزاروں اقسام ہیں جن کی پہچان عام لوگوں کے لیے مشکل ہے۔ کیکٹس کی ایک قسم یعنی ناگ پھنی چھوٹا اور بغیر گٹھلی کا پودا ہے جو امریکی ریاست ٹیکساس کے جنوب مغربی علاقوں اور میکسیکو کے صحرائی علاقے میں ملتا ہے۔

خوش قسمتی سے، کیکٹس غیر زہریلا پودے ہیں، اور آپ ان میں سے کسی بھی حصے کا مزہ چک سکتے ہیں۔